MILITARY LANDS & CANTONMENTS DEPARTMENT
CANTONMENT BOARD NOWSHERA
Email: cbn.1848@gmail.com
Tele: 0923-9220087 Fax: 0923-9220276

No. V-GA/154/135 Dated, the 20 Apr, 2026

To

The Director
Public Procurement Regulatory Authority,
Islamabad.

Subject:- **NOWSHERA CANTT – COLLECTION RIGHTS OF CATTLE MANDI FOR EID-UL-ADHA-2026, NOWSHERA CANTT.**

Please arrange to publish the enclosed advertisement on your webpage. The paid deposit slip on account of uploading advertisement fee in advance is attached herewith for your record purpose.

(HAIDER SHUJA)
Cantonment Executive Officer
Nowshera Cantt

CamScanner

کنٹونمنٹ بورڈ نوشہرہ (عارضی منڈی مال مویشی)

عید الضحیٰ 2026 کے موقع پر کینٹ کے رہائشیوں کی سہولت کیلئے کنٹونمنٹ بورڈ نوشہرہ عارضی منڈی مال مویشی اپنی خالی آراضی واقع بائی پاس روڈ میں نیلام عام مورخہ 11/05/2026 بوقت 11:00 بجے دن کو منعقد ہوگا۔ اگر بولی کسی وجہ سے نہ ہو سکی تو دوبارہ بولی 12/05/2026 بوقت 11:00 بجے دن کو ہوگی۔ خواہشمند حضرات مقررہ تاریخ اور وقت پر دفتر ہذا میں حاضر ہو کر بولی میں حصہ لے کر موقع سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ مزید براں یہ سہولت 15 دنوں کیلئے عید الضحیٰ کے تیسرے دن تک مندرجہ ذیل شیڈول کے مطابق ہوگی۔

نمبر شمار	مخصوص کردہ پوائنٹ	وصولیاتی ریٹ	مقررہ قیمت	زر بیعانہ
01	خالی پلاٹ واقع بائی پاس روڈ سروے نمبر 09 نزد رحمان روڈ، نوشہرہ کینٹ	بیل، گائے، اونٹ، بھینس (بڑا جانور) مبلغ 1000 روپے فی جانور۔ بکرا، دھنبہ (چھوٹا جانور) مبلغ 500 روپے فی جانور۔	-/10,00,000 روپے	-/1,00,000 روپے

شرائط:-

1- نیلامی مقررہ وقت کے مطابق شروع کی جائیگی صرف وہ شخص جس نے نیلامی سے قبل زر بیعانہ کال ڈیپازٹ اور قومی شناختی کارڈ، بمع Income Tax Filer (Certificate/FBR) ریونیو برانچ میں جمع کروائے گا وہی بولی میں حصہ لے سکے گا۔

2- کسی بھی بولی دہندہ کے جانب سے بوگس کال ڈیپازٹ جمع کرنے کی صورت میں کینٹ بورڈ انتظامیہ متعلقہ بولی دہندہ کے خلاف تادیبی کاروائی کرے گی اور متعلقہ قوانین / فوجداری دفعات کے تحت دعویٰ جات دائر کئے جائیں گے۔

3- کامیاب بولی دہندہ بولی دہندہ کو بولی کی کل رقم موقع پر جمع کرانا ہوگا۔ بصورت دیگر کال ڈیپازٹ بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کیا جائے گا۔

4- موقع پر پانی، بجلی اور چارہ وغیرہ کی فراہمی ٹھیکہ دار کے ذمہ ہوگی۔ کینٹ بورڈ / کینٹ ایگزیکٹیو آفیسر کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وقتاً فوقتاً منڈی میں سہولیات کا جائزہ لے سکیں اور موقع پر ہی ٹھیکہ دار کو ہدایات جاری کریں جسکے بروئے کار لانا ٹھیکہ دار کی ذمہ داری ہوگی۔

5- گاڑیوں کی پارکنگ کینٹ بورڈ کے بنائے ہوئے پارکنگ ایریا میں ممکن ہوگی۔ منڈی میں صرف جانور چڑھانے اور اتارنے کے لیے گاڑی داخل ہو سکے گی۔

6- منڈی کے ایریا میں لاؤڈ سپیکر کے استعمال کی اجازت نہ ہوگی مویشی لوڈنگ اور ان لوڈنگ کی ذمہ داری ٹھیکہ دار پر ہوگی۔

7- کامیاب بولی دھندہ ٹھیکہ کی جگہ کو بہتر حالت میں رکھنے اور صفائی کا خود ذمہ دار ہوگا۔ ناقص صفائی کی صورت حال اور دیگر حفظان صحت کی وصولوں کی عدم پیروی پر جرمانہ کیا جائے گا۔

8- بولی دہندہ جس کے ذمہ کینٹ بورڈ کے کسی قسم کے بقایاجات / واجبات ہونگے یا کسی بھی کنٹونمنٹ بورڈ نے اُسے بلیک لسٹ کیا ہو بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہوگا۔

9- کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کسی دوسری پارٹی یا فرد کو منتقل (Sublet) کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔

10- کامیاب بولی دہندہ کو گورنمنٹ پالیسی کے مطابق ایڈوانس انکم ٹیکس جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

11- نیلامی PPRA رولز 2004 کے مطابق ہوگی۔

12- نیلامی سے متعلق مزید معلومات دفتری اوقات کار کے دوران کینٹ بورڈ نوشہرہ کینٹ ریونیو برانچ سے حاصل کی جاسکتی ہیں اور نیلامی شروع کرنے سے پہلے ٹھیکہ کی جگہ، تمام شرائط ٹھیکہ اور طریقہ کار نیلامی وغیرہ واضح کیا جائیگا تاکہ بعد میں کوئی عذر نہ ہو۔

المشتہر:-

کینٹ ایگزیکٹیو آفیسر نوشہرہ کینٹ

0923-9220087

CamScanner